**05-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... فرقان خان

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ بھارت کے ریزرو بینک نے صارفین کی قیمتوں کے اشاریے کی افراطِ زر کی شرح کو اِس مالی سال کیلئے چار اعشاریہ پانچ فیصد رکھا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائیکورٹ کے فیصلے پر اِسٹے دیا ہے جس میں مدرسہ تعلیم قانون کے یوپی بورڈ کو غیرقانونی قرار دیا ہے۔

☆ دلّی ہائیکورٹ نے CBI کو دلّی ایکسائز پالیسی کے مبینہ گھپلے میں جیل میں بند BRS لیڈر کے کویتھا سے تحقیقات کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

☆ بھارت نے منفرد باہمی طریقہ کار کے تحت مالدیپ کو ضروری اشیا کیلئے اب تک کے سب سے زیادہ برآمداتی کوٹے کی منظوری دے دی ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران مشرقی بھارت کے حصوں میں گرم لہر کی صورتحال جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**BI Monthly RBI Policy**

بھارت کے ریزرو بینک نے مسلسل ساتویں مرتبہ شرح نمو میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ آج صبح پہلی دو ماہی مالیاتی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے، جس کا آغاز اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو ہوا، RBI کے گورنر شکتی کانتا داس نے کہا کہ مالیاتی پالیسی کی کمیٹی MPC نے شرح نمو کو چھ اعشاریہ پانچ فیصد پر رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِسی کے ساتھ ساتھ اسٹینڈنگ ڈیپازٹ فیسلیٹی یعنی SDF کی شرح بھی چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد پر قائم رہے گی اور Marginal

اسٹینڈنگ فیسلیٹی یعنی MSF کی شرح اور بینک کی شرح چھ اعشاریہ سات پانچ فیصد پر رہے گی۔ شرح کا تعین کرنے والے چھ رُکنی پینل نے شرح سود سے متعلق صورتحال کو جوں کا توں برقرار رکھنے کے حق میں اکثریت کے ساتھ پانچ کے مقابلے ایک کی شرح سے ووٹ کیا، جس میں مطابقت کے نقطہ نظر کی دستبرداری پر توجہ مرکوز رکھی گئی۔

جناب داس نے کہا کہ رواں مالی برس 2024-25 کیلئے GDP کی اصل شرح ترقی کو سات فیصد پر طے کیا گیا ہے جبکہ CPI کی افراطِ زر کی شرح کو چار اعشاریہ پانچ فیصد رکھا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے غیرملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر، گذشتہ مہینے کی 29 تاریخ کے مطابق اب تک کے سب سے زیادہ یعنی 645 اعشاریہ 6 ارب ڈالر مالیت تک پہنچ گئے ہیں۔x

## BJP Cong Manifesto

آج BJP نے لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس کے منشور کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا ہے۔ نئی دلّی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے الزام لگایا کہ یہ منشور رائے دہندگان کے مابین تذبذب پیدا کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ کانگریس نے اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنے اِس سے قبل کے منشوروں میں کئے گئے وعدوں میں سے کوئی بھی پورا نہیں کیا۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ کانگریس نے اپنے منشور کی دستاویز میں آبی انتظامیہ کے صفحے پر نیویارک اسٹیٹ کے Buffalo River کی تصویر استعمال کی ہے۔ BJP کے ترجمان نے یہ الزام لگاتے ہوئے کہ کانگریس نے ابھی تک تو قوم کے ساتھ نا انصافی کی ہے، تنقید کی کہ کانگریس نے منشور کی دستاویز کو 'نیایہ پتر' کا نام دیا ہے۔x

## Congress Manifesto

آج کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے پارٹی کا منشور جاری کیا۔ پارٹی صدر ملکارجن کھڑگے اور سینئر پارٹی لیڈر سونیا گاندھی اور راہل گاندھی نے آج نئی دلّی میں انتخابی منشور جاری کیا۔ کانگریس نے اگلی دہائی میں بنیادی ڈھانچے کی فروغ اور 23 کروڑ افراد کی زندگیوں کو بہتر بنا کر غریبی کو جڑ سے ختم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ پارٹی نے مرکزی حکومت میں مختلف سطحوں پر منظور شدہ عہدوں کیلئے تقریباً 30 لاکھ جگہیں پُر کرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس کے منشور کی دیگر اہم باتوں میں کم سے کم قومی اجرت 400 روپئے یومیہ، ہر غریب خاندان کو ایک لاکھ روپئے سالانہ، مرکزی حکومت کے نوکریوں میں خواتین کیلئے پچاس فیصد سیٹوں کا ریزرویشن، کم سے کم امدادی قیمت کیلئے قانونی ضمانت اور ذاتوں کی قومی مردم شماری شامل ہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے کہا کہ اُن کی پارٹی کا منشور، انصاف کے پانچ ستونوں کے 'پنچ نیایہ' پر مبنی ہے۔x

## ECI Meeting

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے منتخب اضلاع سے میونسپل کمشنروں اور ضلع انتخابی افسران کو بڑے پیمانے پر رائے

دہندگان کی شمولیت اور برتاؤ جاتی تبدیلی کیلئے بوتھ وائز ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انھوں نے اُن سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ شہری اور دیہی علاقوں کیلئے مختلف حکمت عملیاں تیار کریں نیز مختلف نشان زدہ ناظرین کیلئے ضرورت کے مطابق مداخلتی منصوبے بھی تیار کریں۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے یہ بات آج قومی راجدھانی میں انتخابی کمشنروں اور ضلع انتخابی افسروں کے ساتھ، انتخابی کمیشن کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ CEC نے کہا کہ 215 دیہی اور 51 شہری پارلیمانی حلقوں کی شناخت کم ووٹ پڑنے والے حلقوں کے طور پر کی گئی ہے، جس کا مقصد ایک مربوط طریقے سے ووٹروں تک رسائی حاصل کرنا ہے۔ کم ووٹ پڑنے سے متعلق کانفرنس کا انعقاد، 2024 لوک سبھا الیکشن میں ووٹ ڈالنے والوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کی غرض سے کی گئی۔x

## ECI Fake Message

بھارتی انتخابی کمیشن نے وہاٹس ایپ سوشل میڈیا پر گشت کر رہی اس خبر کو جعلی قرار دیا ہے جس میں کیا گیا ہے کہ پندرہ لاکھ الیکٹرونک ووٹنگ مشین لاپتہ ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انتخابی کمیشن نے کہا کہ یہ دعویٰ جعلی اور گمراہ کرنے والا ہے۔ اس نے مزید کہا کہ کوئی EVM غائب نہیں ہے اور EVM کے لاپتہ ہونے والی درخواست کو سپریم کورٹ نے بھی خارج کر دیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ عوام کو معتبر معلومات کے لیے کمیشن کے سرکاری ویب سائٹ سے رجوع کرنا چاہیے۔x

## Arunachal East PC Profile

اروناچل پردیش کے دو پارلیمانی نشستوں پر انتخاب، واحد مرحلے میں 19 اپریل کو ہوں گے۔ اروناچل مشرقی پارلیمانی حلقے کیلئے 6 امیدوار میدان میں ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ......

اِس سیٹ سے BJP کے امیدوار اور موجودہ رکن پارلیمنٹ Tapir Gao کا مقابلہ انڈین نیشنل کانگریس کے اُن کے اصل حریف بوسی رام سیا رام سے ہوگا۔ بوسی رام سیا رام ایک بہت سینئر کانگریسی لیڈر ہیں اور ریاست کے ایک سابقہ کابینہ وزیر ہیں۔ BJP اور کانگریس کے علاوہ ریاست میں نوتشکیل شدہ پارٹی اروناچل ڈیموکریٹک فرنٹ نے بھی اِس حلقے سے اپنا امیدوار میدان میں اتارا ہے۔ باقی تین امیدوار آزاد امیدوار ہیں۔ اروناچل مشرقی پارلیمانی حلقے میں تین لاکھ 75 ہزار 310 رائے دہندگان ہیں، جن میں ایک لاکھ 89 ہزار 740 مرد، ایک لاکھ 85 ہزار 569 خواتین اور ایک مخنث ووٹر ہے۔ اِس پارلیمانی حلقے میں 27 اسمبلی حلقے اور 920 پولنگ اسٹیشن ہیں۔ اس میں ایسے پولنگ اسٹیشن بھی ہیں جہاں سب سے زیادہ تعداد اور سب سے کم تعداد میں ووٹرس ہیں۔

Anjaw ضلع میں مالا گاؤں پولنگ اسٹیشن میں صرف ایک خاتون ووٹر ہے اور Longding اسمبلی حلقے کے تحت نمبر دو Pumao پرائمری اسکول میں اس حلقے میں سب سے زیادہ تعداد میں ووٹر ہیں جن کی تعداد ایک ہزار 462 ہے۔

ایٹا نگر سے راکیش ڈولی کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو نیوز سے میں اصغر علی

## J&K CEO

جموں و کشمیر میں، اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر نے جموں کے نِرواچن بھون میں ایک اعلیٰ سطحی کمانڈ اور کنٹرول سینٹر قائم کیا ہے تا کہ آئندہ لوک سبھا انتخابات کے دوران مرکز کے زیرانتظام علاقے میں جھوتی اور پیسہ لے کر پھیلائی گئی خبروں کے معاملات کو روکا جا سکے۔ ہمارے نامہ نگار کی خبر کے مطابق اس مرکز کو جدید بنیادی ڈھانچہ سے آراستہ کیا گیا ہے اور یہ مستقل دن و رات کام کرتا رہے گا تا کہ جھوٹی اور پیسہ لے کر پھیلائی گئی کسی بھی خبر کے مشتبہ معاملہ کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔میڈیا اداروں کے علاوہ، یہ کمانڈ مرکز بھی سوشل میڈیا پر چل رہے چینلوں اور اکاؤنٹس پر کڑی نگرانی رکھے ہوئے ہے تا کہ جھوٹی خبروں کو پھیلنے سے روکا جا سکے۔×

## Manipur LS Election

منی پور میں آئندہ لوک سبھا انتخابات 2024 کے پیش نظر ریاست کے تمام اضلاع کے لیے EVM اور VVPAT مشینوں کی تفویض کا کام شروع ہو گیا ہے۔منی پور کے اعلیٰ انتخابی افسر پردیپ کمار جھا نے کہا کہ بھارت کے انتخابی کمیشن کی جانب سے منتخب کیے گئے تمام 7 مشاہدین ریاست میں پہنچ گئے ہیں اور وہ لوک سبھا انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری ریاست میں 118 مثالی پولنگ مراکز قائم کئے جائیں گے۔ نافذ کرنے والی ایجنسیاں تمام اقدامات کر رہی ہیں تا کہ انتخابات کے دوران استعمال ہونے والے ناجائز طریقوں پر روک لگائی جا سکے۔×

## SC-UP Madarsa

آج سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر اِسٹے دے دیا ہے، جس میں مدرسہ تعلیم قانون 2004 کے یوپی بورڈ کو غیرقانونی اور سیکولرزم کی خلاف ورزی قرار دیا گیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کے زیر قیادت تین ججوں کی بینچ نے اُس عذرداری پر مرکز اور اترپردیش کی سرکار کو نوٹس جاری کئے جس میں ہائیکورٹ کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ اِس سے قبل، مرکز نے اپنی عذرداری میں یہ کہا تھا کہ اِس فیصلے سے بھارتی آئین میں بیان کردہ سیکولرزم کے تصور کی غیر درست ترجمانی ہوسکتی ہے۔x

## Delhi Court Kavitha

آج دلّی ہائیکورٹ نے، دلّی ایکسائز پالیسی کے مبینہ گھپلے سے تعلق رکھنے والے ناجائز طور پر رقم وصول کرنے کے معاملے میں تہاڑ جیل میں بند، بی آر ایس لیڈر کے کویتھا سے پوچھ تاچھ کرنے اور اُن کا بیان ریکارڈ کرنے کیلئے مرکزی تحقیقاتی بیورو، CBI کو اجازت دے دی ہے۔ یہ فیصلہ CBI کے ذریعے دائر کردہ اُس عذرداری پر دیا گیا جس میں اُس نے کویتھا سے تحقیقات کرنے کیلئے عدالت کی اجازت کی درخواست کی تھی۔ اُنھیں ایکسائز پالیسی معاملے کے سلسلے میں 15 مارچ کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ذریعے گرفتار کیا گیا تھا اور وہ اِس وقت تہاڑ جیل میں بند ہیں۔x

## India Maldives Export

بھارت نے ایک منفرد باہمی طریقہ کار کے تحت 2024-25 کیلئے مالدیپ کو ضروری اشیا کے اب تک کے سب سے زیادہ برآمداتی کوٹے کو منظوری دی ہے۔ مالدیپ میں بھارت کے ہائی کمیشن نے ایک ریلیز میں کہا کہ مالدیپ حکومت کی درخواست پر بھارت نے ضروری اشیا کی مخصوص برآمدات کی امداد کی اجازت دی ہے اور کوٹے پر نظرثانی کرکے اُس میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ 1981 میں اِس انتظام کے نافذ ہونے کے بعد سے، منظور شدہ مقدار اب تک کی سب سے زیادہ ہے۔ دریائی ریت اور پتھر کیلئے کوٹے میں 25 فیصد اضافہ کرکے اِسے دس لاکھ ٹن کردیا گیا ہے جو کہ مالدیپ کی تعمیراتی صنعت کو فروغ دینے کیلئے اہم اشیا ہیں۔ انڈوں، آلو، پیاز، چینی، چاول، گندم کا آٹا اور دالوں کیلئے کوٹے میں بھی پانچ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔

گذشتہ سال بھی بھارت نے مالدیپ کو، بھارت سے اِن اشیا کی درآمدات پر عالمی پیمانے پر پابندی کے باوجود، چاول، چینی اور پیاز کی برآمدات جاری رکھی تھی۔ ہائی کمیشن نے کہا کہ بھارت، اپنی پڑوس پہلے کی پالیسی کے حصے کے طور پر، مالدیپ میں انسان مرکوز ترقی میں مدد کرنے کے تئیں پُرعزم طور پر عہد بند ہے۔x

## CBSE Exam Pattern

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن نے نئی تعلیمی پالیسی، 2020 سے ہم آہنگ تشخیصی جائزہ میں تبدیلیاں متعارف کی ہیں۔ اب فارمیٹ میں اہلیت پر مبنی سوالات زیادہ اور تیار شدہ جواب والے سوالات کم ہوں گے۔ نظر ثانی شدہ رہنما خطوط کے مطابق گیارہویں اور بارہویں جماعت کے لیے کثیر متبادل والے سوالات کی شکل میں اہلیت پر مرکوز سوالات یا کیس کی بنیاد پر مبنی سوالات، ماخذ پر مبنی مربوط سوالات یا اور کسی قسم کے سوالات کی تعداد 40 فیصد سے بڑھا کر 50 فیصد کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب تیار شدہ جواب والے سوالات، جس میں موجودہ طریقۂ کار کے مختصر جوابات اور طویل جواب والے سوالات شامل ہیں۔ ان کو 2024-25 تعلیمی سال کے لیے 40 فیصد سے کم کر کے 30 فیصد کر دیا گیا ہے۔

چنندہ جواب والے سوالات کے تشخیص کی فیصد پہلے جیسی رہے گی جو 20 فیصد ہے۔ جبکہ 2024-25 کے نئے تعلیمی سال کے لیے نویں اور دسویں جماعت کے سال کے اختتام پر ہونے والے انتخابات کے سوالات کے پرچوں کی تشکیل میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔x

## UGC Telemanas

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں کو، ٹول فری ذہنی صحت ہیلپ لائن کی دستیابی کے بارے میں طالب علموں کے مابین آگاہی پیدا کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یونیورسٹیوں کے تمام وائس چانسلروں اور تمام کالجوں کے پرنسپلوں کو ایک سرکلر میں کمیشن نے واضح کیا کہ وزارتِ صحت کی ٹیلی-مانس ذہنی صحت کی ہیلپ لائن نے اپنے آغاز کے بعد سے نمایاں طور پر کارکردگی کا اظہار کیا ہے اور اِس بات کی مزید ضرورت ہے کہ اُسے عوام الناس کے مابین مقبول بنایا جائے۔ کمیشن نے اعلیٰ تعلیمی اداروں سے درخواست کی ہے کہ وہ ٹیلی-مانس ہیلپ لائن کی بڑے پیمانے پر

تشہیر کریں اور یہ بیان کریں کہ یہ مفت ہے اور 24 گھنٹے ساتوں دن دستیاب ہے۔ ٹیلی مینٹل ہیلتھ ایشورنس (ٹیلی-مانس) پہل کا آغاز، 2022 میں عالمی ذہنی صحت کے دن کے موقع پر وزارت صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے ذریعے کیا گیا تھا۔ اس پہل کا مقصد اُن افراد کو 24 گھنٹے مدد اور حمایت فراہم کرنا ہے جو ذہنی صحت کے معاملات میں مبتلا ہیں۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران بھارت کے مشرقی حصوں اور جزیرہ نما میں گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، مہاراشٹر، کرناٹک، آندھراپردیش، پدوچیری اور تلنگانہ کے حصوں میں آج اور کل گرمی کی لہر جاری رہے گی۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ ساحلی کرناٹک اور گوا میں کل تک اور کیرالہ، تمل ناڈو اور پدوچیری میں اِس مہینے کی 9 تاریخ تک گرم اور مرطوب موسم جاری رہے گا۔ اِسی دوران، شمال مشرقی بھارت میں اِس مہینے کی 9 تاریخ تک زیادہ بارش اور گرج چمک ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا کہ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اروناچل پردیش، سکم اور مغربی بنگال میں آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش اور گرج چمک کا سلسلہ جاری رہے گا اور پچاس کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔

یہی صورتحال کل جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں بھی جاری رہے گی۔ شمالی بھارت میں جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی بارش اور برفباری ہوگی۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ لکشدیپ اور راجستھان میں آج ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوگی جبکہ کیرالہ اور پدوچیری میں اِس مہینے کی 11 تاریخ تک ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس طرح کی صورتحال، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مہاراشٹر اور تلنگانہ میں بھی آئندہ چار دنوں کے دوران جاری رہے گی جس میں بارش کے ساتھ ساتھ گرج چمک، بجلی چمکنے اور 30 سے 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ملک میں آئندہ دو دنوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی نمایاں تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔x

## Chhatisgarh Fire

چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائیپور کے رام نگر علاقے میں آج بجلی محکمہ کے ایک ذیلی دفتر کے احاطہ میں زبردست آگ لگ گئی۔ تقریباً ڈیڑھ ایکڑ علاقہ آگ کی زد میں آگیا۔ آگ بجھانے والی تقریباً دس سے زائد گاڑیاں آگ بجھانے کا کام انجام دے رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق آگ لگنے کا یہ واقعہ ایک ٹرانسفارمر میں شارٹ سرکٹ کے سبب پیش آیا۔ جائے حادثے سے مستقل دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں جس سے حالات کے تشویش ناک ہونے کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس احاطہ میں کئی ٹرانسفارمر نصب ہیں جس کی وجہ سے آگ بجھانے والے عملے کا کام مزید مشکل ہو گیا ہے۔ جیسے ہی آگ کی لپٹیں بلند ہوئیں آس پاس کے علاقوں میں افراتفری پھیل گئی۔

وزیراعلیٰ کے سکریٹری پی دیانند، کلکٹر ڈاکٹر Gaurav Dwivedi اور پولیس کے سپرینٹینڈینٹ سمیت دیگر

سینئر اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور حالات کا جائزہ لیا۔ مستقل کوششوں کے باوجود آگ پر ابھی تک قابو نہیں پایا جاسکا ہے۔ انتظامیہ اس وقت علاقے کو خالی کرانے کے عمل کو انجام دے رہی ہے تاکہ حادثہ کی جگہ کے آس پاس رہنے والے افراد کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔×

## Israel Aid Workers

اسرائیلی فوج نے اس ہفتہ غزہ کے ہوائی حملے میں سات امدادی کارکنان کی ہلاکت کی جانچ میں سنگین غلطیاں اور طریقۂ کار کی خلاف ورزی پائے جانے کے بعد دو اعلیٰ عہدیداروں کو برطرف کر دیا ہے۔ ملٹری حکام نے بتایا کہ جانچ سے پتہ چلا کہ اسرائیلی فورسز نے پیر کی شب حماس کے بندوق بردار سمجھ کر غلطی سے عالمی مرکزی امدادی گروپ کی گاڑیوں پر حملہ کر دیا۔ اسے ایک غلط شناخت سے ہوئی سنگین غلطی قرار دیا گیا ہے۔×

## IPL Cricket Target

حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹڈیم میں چنئی سپر کنگز نے سنرائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کے لیے 166 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ چنئی سپر کنگز نے پانچ وکٹ پر مقررہ 20 اوورز میں 165 رن بنائے۔
اس سے پہلے، سنرائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔×

## Closing Headline

- ☆ بھارت کے ریزرو بینک نے صارفین کی قیمتوں کے اشاریے کی افراطِ زر کی شرح کو اِس مالی سال کیلئے چار اعشاریہ پانچ فیصد رکھا ہے۔
- ☆ سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائیکورٹ کے فیصلے پر اِسٹے دیا ہے جس میں مدرسہ تعلیم قانون کے یوپی بورڈ کو غیرقانونی قرار دیا ہے۔
- ☆ دلّی ہائیکورٹ نے CBI کو دلّی ایکسائز پالیسی کے مبینہ گھپلے میں جیل میں بند BRS لیڈر کے کویتھا سے تحقیقات کرنے کی اجازت دے دی ہے۔
- ☆ بھارت نے منفرد باہمی طریقہ کار کے تحت مالدیپ کو ضروری اشیا کیلئے اب تک کے سب سے زیادہ برآمداتی کوٹے کی منظوری دے دی ہے۔
- ☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران مشرقی بھارت کے حصوں میں گرم لہر کی صورتحال جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور IPL کرکٹ میں، حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹڈیم میں چنئی سپر کنگز نے سنرائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کے لیے 166 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆